سوال

(446) قرآن مجید کے بوسیدہ اوراق کو کیا کرنا چاہیے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن مجید کے بوسیدہ اوراق کو کیا کرنا چاہیے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان کےلئے مندرجہ ذیل چار صورتیں ممکن ہیں :

1۔ انہیں قبرستان میں دفن کردیا جائے۔

2۔ انہیں پانی میں بہا دیا جائے۔

3۔ زمین میں گڑھا کھود کرچھپا دیا جائے۔

4۔ انہیں بے حرمتی سے محفوظ رکھنے کےلئے جلا دیا جائے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے یہ آخری صورت ثابت ہے، کیونکہ پہلی تین صورتوں میں ان کے دوبارہ برآمد ہونے کا اندیشہ برقرار رہتا ہے۔ آج کل قبرستان میں قرآن محل تعمیرکئے جاتے ہیں۔ بہتر ہے کہ بوسیدہ اوراق کو وہاں محفوظ کردیا جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:2 صفحہ:446